**A** **1010**

# SAMAGRA SHIKSHA – KERALA
## FIRST TERMINAL EVALUATION 2019-20

STD : X | First Language Part-1 (Urdu) | Time : 1 ½ Hrs
Score : 40

**പൊതു നിർദേശങ്ങൾ**

* ആദ്യത്തെ 15 മിനുട്ട് ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കാനുള്ള സമാശ്വാസ സമയമാണ്.
* 1 മുതൽ 4 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 3 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക.
* 5 മുതൽ 8 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 3 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക.
* 9 മുതൽ 15 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 5 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക.
* 16 മുതൽ 21 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 4 എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.

---

**1 سے 4 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔** **3x1=3**

1 نیچے چند کرداروں کے نام دیے ہیں۔ان میں سے 'محنت رنگ لائی' کے کرداروں کے نام چن کر لکھیے۔ 1

[رحمت ، لکشمی ، منّی ، ساجن]

2 نہ دنیا کا غم تھا نہ رشتوں کا بندھن 1

بڑی خوبصورت تھی وہ زندگانی

بچو،اس شعر میں کس بات کے بارے میں بیان ہے۔ [جوانی، بچپن، بڑھاپا، ادھیڑپن]

3 گروہ سے نامناسب لفظ چن کر لکھیے۔ [نظم، غزل، آپ بیتی ،رباعی] 1

4 کون سا جملہ صحیح ہے؟چن کر لکھیے۔ 1

a) ساجن اسکول میں پڑھ رہی تھی۔ b) ساجن اسکول میں پڑھ رہا تھا۔

c) ساجن اسکول میں پڑھ رہے تھے۔ d) ساجن اسکول میں پڑھ رہی تھیں۔

**5 سے 8 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔** **3x2=6**

5 نیچے چند نام دیے ہیں۔ان کو الگ الگ خانوں میں چن کر لکھیے۔ 2

[ندا فاضلی، بابا آمٹے، جاوید اختر، نلسن منڈیلا]

| سماجی خدمت کار | فلمی گیت کار |
|---|---|
| ............ | ............ |
| ............ | ............ |

6 اشعار غور سے پڑھیے۔ ان میں سے شاعر نظیر اکبر آبادی کا شعر چن کر لکھیے۔ 2

(a) ہر دھوپ میں چھاؤں سی ہر سر پہ دعاؤں سی
روتی ہوئی آنکھوں کی بھاشا کو جو پڑھتی تھی

(b) جب آدمی کے حال پہ آتی ہے مفلسی
کس کس طرح سے اس کو ستاتی ہے مفلسی

(c) یہ دولت بھی لے لو یہ شہرت بھی لے لو
بھلے چھین لو مجھ سے میری جوانی

7 **خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے ملائیے۔** 2

| الف | ب |
|---|---|
| کاغذ کی کشتی | نظیر اکبر آبادی |
| غریبوں کا مسیحا | رابندر ناتھ ٹیگور |
| ستاتی ہے مفلسی | سدرشن فاخر |
| کابلی والا | ندا فاضلی |

8 مناسب لفظ چن کر گروہ کا خانہ پورا کیجیے۔ [آپ بیتی، نظم، کہانی] 2

| | | | |
|---|---|---|---|
| a | کابلی والا | رحمت | ................ |
| b | ................ | لکشمی | محنت رنگ لائی |

**9 سے 15 تک کے سوالوں سے کسی پانچ کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے۔** 5x3=15

9 رحمت "کابولی والا" کہانی کا ایک اہم کردار ہے۔ وہ گھر گھر جا کر چادر اور میوے بیچ کر زندگی گزارتا ہے۔ 3
a) بچّو، اس کہانی کے اور دو کرداروں کے نام لکھیے۔
b) آپ کے پسندیدہ ایک کردار کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

10 لکشمی اپنے بارے میں کہنے لگی۔ "میں لکشمی ہوں۔ ساجن اور مالتی میرے بیٹے ہیں۔ ہم گاؤں میں کھیت کے 3
کنارے ایک جھونپڑی میں رہتے ہیں۔ میں روزانہ بازار کی صفائی کے لیے۔۔۔"
بچّو، آپ بھی اپنے بارے میں ایک آپ بیتی تیار کیجیے۔

11 بیماروں کے بستر پر سوتا تھا خدا اس کا

3 لاچاروں کے چہروں سے روتا تھا خدا اس کا

اس شعر میں شاعر مدر ٹریسا کے بارے میں بیان کرتا ہے۔ انھوں نے بیماروں اور لاچاروں کے لیے اپنی زندگی وقف کر دی ہے۔ بچّو، مدر ٹریسا کے بارے میں ایک نوٹ لکھیے۔

12 بچپن کا زمانہ خوشی کا زمانہ ہے۔ سب لوگ بچپن پسند کرتے ہیں۔ 3

بچّو، بچپن کے بارے میں ایک نوٹ لکھیے۔

13 علاّمہ اقبال، نظیر اکبر آبادی اور سدرشن فاخر اردو کے مشہور شعراء ہیں۔ انھوں نے کئی نظمیں لکھی ہیں۔ 3

بچّو، ان میں آپ کا پسندیدہ شاعر کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

14 کابلی والا پستے بادام دے کر منّی سے دوستی کر لی۔ کابلی والے کا نام رحمت تھا۔ رحمت اور منّی کی عمر میں 3

'زمین آسمان کا فرق' تھا۔ پھر بھی دونوں ایک دوسرے کے دوست بن گئے۔

a) بچّو، کابلی والے کا نام کیا ہے؟

b) اس میں 'زمین آسمان کا فرق' زبان کا ایک محاورہ ہے۔ اس کا مطلب کیا ہے؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

15 مفلس کی کچھ نظر نہیں رہتی ہے آن پر 3

دیتا ہے اپنی جاں وہ ایک ایک نان پر

اس شعر میں شاعر نظیر اکبر آبادی مفلسی کے بارے میں بیان کرتا ہے۔ مفلسی اور غریبی سے ہماری زندگی میں کیا کیا مسائل پیش آتے ہیں؟

بچّو، شعر کی روشنی میں اپنے خیالات لکھیے۔

**16 سے 21 تک کے سوالوں سے کسی چار کے جواب چار پانچ جملوں میں لکھیے۔ 4x4=16**

16 کھڑی دھوپ میں اپنے گھر سے نکلنا وہ چڑیا وہ بلبل وہ تتلی پکڑنا 4

وہ گڑیا کی شادی میں لڑنا جھگڑنا وہ جھولوں سے گرنا وہ گر کے سنبھلنا

a) اس شعر کا شاعر کون ہے؟

b) اس شعر میں چند چڑیوں کے نام آئے ہیں۔ چن کر لکھیے۔

c) بچپن میں ہم کیا کیا کھیل کھیلتے ہیں؟ شعر کی روشنی میں ایک نوٹ لکھیے۔

17 عبارت پڑھ کر اشاروں کی مدد سے چار سوالات تیار کیجیے۔ 4

ایک دن کا واقعہ ہے کہ جب ساجن اسکول میں پڑھ رہا تھا۔ شام کو وہ نئے کپڑے پہن کر اسکول سے لوٹ آیا۔ کیوں بیٹے ؟آج یہ نئے کپڑے کہاں سے ملے ؟امیّ! یہ میرے جگری دوست الطاف نے دیے ہیں۔ بعد میں پتہ چلا کہ اسکول کے سمینار میں ساجن نے حصّہ لیا تھا۔ الطاف نے اس کو نئے کپڑے لاکر دیے تھے۔ کیوں کہ ساجن کے کپڑے پھٹے پرانے ہوگئے تھے۔ [کون، کب، کیا، کیوں، کہاں]

18

| | |
|---|---|
| ہر دھوپ میں چھاؤں سی | ہر سر پہ دعاؤں سی |
| روتی ہوئی آنکھوں کی | بھاشا کو جو پڑھتی تھی |

a) بچّو، مدر تریسا کے بارے میں لکھا ہوا اس شعر کا شاعر کون ہے؟

b) مدر تریسا غریبوں اور لاچاروں کی ماں ہے۔ انھوں نے اپنی زندگی دوسروں کے لیے وقف کر دی تھی۔ شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

19 آخر کابلی والا کلکتہ سے "کابول' واپس گیا۔ منّی کی یاد اس کو ستاتی رہی۔ گھر پہنچ کر وہ منّی کے نام ایک خط لکھنے لگا۔ بچّو، منّی کے نام کابلی والے کا خط تیار کیجیے۔ 4

20 اشاروں کی مدد سے رابندر ناتھ ٹیگور کے بارے میں ایک سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔ 4

**رابندر ناتھ ٹیگور**

| | | |
|---|---|---|
| شہرت | : | شاعر، افسانہ نگار، ناول نگار |
| پیدائش | : | ۷ مئی ۱۸۶۱ء کلکتہ میں |
| ایوارڈ | : | ۱۹۱۳ء میں نوبل پرائز |
| شعری مجموعہ | : | گیتانجلی |
| انتقال | : | ۷ اگست ۱۹۴۱ء |

21 ساجن آئی۔اے۔ایس پاس ہو کر آپ کے ضلع کا کلکٹر بن گیا۔ ۹ نمبر کو آپ کے اسکول میں اردو کلب کا افتتاح ہونے والا ہے۔ پروگرام کے افتتاح کے لیے کلکٹر ساجن کو دعوت دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس پروگرام میں صدرِ پنچایت سلیم صاحب صدارت کی کرسی سجائیں گے۔ ہیڈ ماسٹر جوزف تہنیتی تقریر کریں گے۔ بچّوں کے مختلف پروگرام بھی ہوگی۔ 4

بچّو، اشاروں کی مدد سے اس پروگرام کے لیے ایک پوسٹر تیار کیجیے۔ [عنوان، تاریخ، جگہ، افتتاح، صدارت]